1432

उर्दू संग्रह

पुस्तक का नाम आर्य भयुने मज़लूम मैं असली मन्त्रों के

लेखक श्रीमान मुन्शी केवल किशन साहब

प्रकाशन वर्ष ...............

आगत संख्या 1432

CCO, Gu... ri

1432 شری دیانند جنم شتابدی ایڈیشن

# آریہ بھکشو منظوم

مع

## اصل منتروں

مترجمہ

## سرگباشی شریمان منشی کیول کشن صاحب

متخلص بہ عرف

جسکو

## نرائن دت سہگل اینڈ سنز مالکان آریہ بکڈپو

بیرون لوہاری دروازہ لاہور

نے

روٹری پرنٹنگ ورکس لاہور میں باہتمام لالہ لبھا رام پروپرائٹر چھپوائے

1432;U

دوسری بار [illegible] تعداد ایک ہزار [illegible] قیمت فی جلد [illegible]

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar. Digitized by eGangotri

1432

اوم

# آریابھِونے

## پرارتھنا

### بحرِ مفعولُ فاعلاتُ مفاعلُ فاعلن

جگدیش شانت ہردیہ کو میرے بنایئے
ہو کر کے شا کشات میرے من میں آیئے
انتہ کرن کو گیان سے بھرپور کیجیے
اولین آپ ہیں اسے بھاگا پھرے نہ من
دُنیا کے جھگڑوں سے الگ کر کے راتدن
بیخود مجھے ہمیشہ رکھے آپ کی لگن -
بھولا پھرا ہوں کھاتا ہوں پگ پگ پہ ٹھوکریں
انکول جنکے اپنے چلن کو بناؤں میں
یہ لوبھ موہ آدی ہیں گھیرے ہوئے مجھے

پربھاو اپنی کرپا کا مجھ کو دکھایئے
اور آکے یہاں سے پھر کبھی باہر نہ جایئے
پرکاش یکت بُدھی کو میری بنایئے
اِس کے لئے ویوک کا پہرا بٹھایئے
پریتی کو اپنے ہردیہ میں میرے بڑھایئے
اِک پیالہ اپنے پریم کا مجھ کو پلایئے
کرپا سے مجھ کو راستہ سیدھا دکھایئے
احکام وید کانوں میں میرے سنایئے
اِن شتروں کے پنجہ سے مجھ کو چھڑایئے

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar. Digitized by eGangotri

پاپوں کی واسنا سے میرے من میں اندنوں — اک آگ ہے لگی ہوئی اُس کو بجھائیے
بھکشا میں مانگتا ہوں و نہ پورہ ک یہی — کر پا سے دان بھگتی کا اپنی دلائیے
بس آپ کا بھروسا ہے ہوں شرن آپکی — دُکھوں سے مرنے جینے کے مجھ کو بچائیے

ابلاشا من کو میرے ہے کیول اسی قدر
چرنوں میں اپنے دھیان کو میرے لگائیے

# بھُومکا

## بحرِ صدر

پر چار جب سے ویدوں کا یہاں پر رہا نہیں — وشواس وشوناتھ پہ تل بھر رہا نہیں
ایشور کے بدلہ تب جنے لگے ستگ جا بجا — ہر اِک نے پُوجیہ اپنا بنایا جُدا جُدا
کوئی شفیع اپنا ہے مُردوں کو مانتا — قبروں کو مکت داتا کوئی دِل میں جانتا
پہلے زمانہ میں جو بزرگانِ نامور — دُنیا میں رہ کے کر گئے پرلوک کو سفر
اُن کی ہزاروں مُورتیں خود ہی بناتے ہیں — باعجز اُنکے سامنے مستک جھکاتے ہیں
دِن رات اُن کو پُوجیں ہیں گھنٹہ بجا بجا — اُن سے مُراد مانگیں ہیں سر کو جھکا جھکا
پرماتما کو سب نے یکایک بھلا دیا — رکھ کر کھلونے سامنے سر کو جھکا دیا
پرکرتی کی اوپاسنا ہے شام اور سحر — افسوس یہ خیال ہیں کیسے ذلیل تر

حالات یہاں کے دیکھکے ایسے خراب تر
یکبار سوامی جی نے کمر اپنی باندھ کر

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ویدوں کا ملک میں کیا پرچار جابجا
غفلت میں جو کہ سوتے تھے انکو دیا جگا

ڈنکہ کی چوٹ سب کو بتایا یہ صاف صاف
یہ بت پرستی پاپ ہے ویدوں کے ہے خلاف

ویدوں کا بھاشیہ سامنے موجود کر دیا
ویدکت دھرم نشچہ سے ہر دل میں بھر دیا

ویدوں کا سیدھا رستہ بتایا ہر ایک کو
ایشر کا دھیان کرنا سکھایا ہر ایک کو

ویدوں کے منتر چھانٹ کے پستک ہے اک لکھی
بحر جہان ترنے کو یہ کشتی ہم کو دی

مشہور آریہ بھیونے اس کا نام ہے
ایشور پرارتھنا سے بھری وہ تمام ہے

کیوں کر کریں پرارتھنا اسمیں بتایا ہے
ایشور کی استتی کا طریقہ سکھایا ہے

اک میرے مہربان کے یہ آیا خیال میں
اس سوامی جی کی بھاشا کو گر نظم میں لکھیں

تو فائدہ رساں ہو خلایق کو یہ ضرور
اکثر دلوں میں جلد یہ پہونچائے اپنا نور

جو اردو خوان محبّ ہیں سب بہرہ یاب ہوں
جگدیش کے پریم کو فایز شتاب ہوں

ہر دل میں جاگزیں ہوں ایشور کی عظمتیں
جگدیش کی نہال کریں ان کو برکتیں

جانا اسے مفید غرض عام کے لئے
ارشاد مجھ کو تب ہوا اس کام کے لئے

دشوار گو یہ کام بہت آتا تھا نظر
پر مجھ کو ان کے کہنے نے مائل کیا ادھر

ایشور کا میں نے آسرا پھر دل میں لے لیا
اور اس کے نظم لکھنے کا آرمبھ کر دیا

پرماتما کا کس طرح میں دوں نہ دھنیواد
کرپا سے انکی پورا ہوا کام با مراد

اب یہ پرارتھنا میری پرماتما سے ہے
جو کوئی اس کو شوق سے دیکھے سنے پڑھے

ایشور کی بھگتی ہردیہ میں جلد اسکے گھر کرے
جگدیش کی اوپاسنا وہ عمر بھر کرے

پرماتما سے اس کا تعلق مدام ہو
پوجا سے ماسوا کے تنفر تمام ہو

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہر اک منتر ارتھ کو جو گاوے من لگا
بھگتی کا بھاو من میں ہو اونین بہ ملا

جو دہریت خیال میں ہے ساری دُور ہو
ایشور گنوں کے گانیسے من میں سرور ہو

سب آویں راہِ راست پر گمراہی چھوڑ دیں
وہ ماسوا سے رشتۂ پرستش کا توڑ دیں

ایشور اُپاسنا سے منوّر جہان ہو
ہر ایک گھر میں ویدوں کا دِن رات گان ہو

بس عرف اِس دُعا پہ یہ ہے بھومکا تمام
ایشور کرے کہ کتبہ ہو مرغوب خاص و عام

## بھومکا سماپت ہوئی

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

# آریابھوونے کا پہلا پرکاش

## پہلا منتر

ओं शं नो मित्रः शं वरुणः शं नो भवत्वर्य्यमा ।
शं न इन्द्रो बृहस्पतिः शं नो विष्णुरुरुक्रमः ॥ १ ॥
ऋ० अ० १ । अ० ६ । व० १८ । मं० ९ ॥

بحر فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

ہے مہابلوان سب سے سوکشم سب سے مہاں۔
سرو شکتی رکھنے والے سب جگہ پرکاشماں
ہے جگت کے آدی کارن ست چت آنند رُوپ
آپ کی اودیان نہیں ہے آپ ہیں سب سے انُوپ
مِتر ہیں آپ ہر کسی کے۔ مِتر بھاو ہم کو بھی دو

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

تاکہ دل میں ڈیرہ ہم کو پھر کسی سے بھی نہ ہو۔
ہے درن نام آپ کا ہیں آپ اُتم گیان دان۔
دیجئے اُتم سکھوں کا کر کے کرپا ہم کو دان
اندر ہیں آپ ہم نے پکڑا آپ کا ہے آشرا
مہربانی سے کرو مالک ہمیں ایشور یہ کا۔
نیاکاری ہونے سے یم راج نامی آپ ہیں
ہیں بزرگوں سے بزرگ اور سب کے سوامی آپ ہیں
ہم بھی برتیں نیاء سے دُنیا میں کرپا کیجئے
دکھ سے رکھئے دور اور کلیان ہم کو دیجئے
نام وشنو آپ کا ہے وشو میں ویاپک ہیں آپ
اپنے بھگتوں سیوکوں کے سب جگہ رکشک ہیں آپ
آپ ہیں بلوان دیجے ایسے بل کا ہم کو دان
ہر بُرائی تیاگنے میں ہوویں ہم سامرتھ وان
جو کچھ ہم کو مانگنا ہے آپ سے مانگیں گے سب
آپ کے سمتُلیہ کوئی دُوسرا داتا ہے کب
پھر بھلا ایسے پتا کو چھوڑ کر جاویں کہاں
سب سُکھوں کے دان کے داتا کو ہم پاویں کہاں
آپ انگی کرت کو اپنے نہیں ہو چھوڑتے۔
اُس پہ کرپا کی نظر سے مُنہ نہیں ہو موڑتے

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہم کو نشچہ ہے کہ ہم کو سکھ سدا دیوینگے آپ
وقتِ مشکل مہربانی سے خبر لیویں گے آپ
آشرت ہیں آپ کے کرپا درشٹی کیجیے۔
کیول اپنی شرن کے حاظہ میں ہم کو لیجیے

## دوسرا منتر

ओं अग्निमीळे पुरोहितं यज्ञस्य देवमृत्विजम् ।
होतारं रत्नधातमम् ॥ २ ॥ ऋ० १ । १ । १ ॥

### بحرِ صدر

یہ کیا اُپدیش ہے۔ جگدیش نے اِس منتر میں
اِس طرح سے استُوتی انسان سب میری کریں
یعنی اے ہتکاری سب سنسار کے پرماتما
پُوجتے ہیں آپ ہی کو رات دن دھرماتما
آپ اگنی نام سے ہیں سب جگہ پرکاشمان
آپ کی مانند کوئی اور کب ہے گیان وان
سب جگت کے سُکھ کے داتا اور سہایک آپ ہیں
سربسر پرکاش مے ہیں سب کے نایک آپ ہیں

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

جتنے موسم ہیں جہاں میں آپ نے سب کو رچا
ہر سمے کے واسطے سُکھ دایک ہے ساماں کیا
یگیہ جو جو ہیں جہاں میں سب کے سوامی آپ ہیں
اپنے بھگتوں کے لئے رکشک دوامی آپ ہیں
اِس جگت میں جو جو وستو رتن آدی ہیں تمام
آپ نے اُن کو کیا پیدا ہے بہر خاص و عام
آپ ہی رچتے ہیں رچنا پرلے کرتا آپ ہیں
الغرض سنسار کے سب کرتا دھرتا آپ ہیں
اِس لئے ہم آپ کو ہیں پوجتے شام وسحر
ہم پہ کرپا آپ رکھیئے رات دن آٹھوں پہر

## منتر نمبر ۳

ओं अग्निना रयिमश्नवत्पोषमेव दिवे दिवे ।
यशसं वीरवत्तमम् ॥ ३ ॥ ऋ० १ । १ । १ । ३ ॥

## بحر صدر

اے سویم پرکاش اگنے! آپ کی بھگتی سے عام
وِدّیا آدی جاہ و حشمت پاتے ہیں انساں تمام
روز افزوں وہ ترقی کرتے ہیں سنسار میں

CC0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

کیرتی کے پاتر وہ ہوتے ہیں کار و بار میں
اپنے بھگتوں میں ہمیں بھی آپ شامل کیجئے
یوگ کی اپنے شتابی ہم کو عزت دیجئے
جس سے ہم دھرماتما ہوں دُشٹ گُن ہوں پائمال
شوُرتا اور وِیرتا میں ہم کو حاصل ہو کمال
من میں اِستقلال ہو اور ہوں پراکرمی سدا
دھرم ہر اِک فعل سے ہوتا رہے صورت نماء
حاصل ہو گیان کا دھن کرم شُبھ کرتے رہیں
رات دِن نشچے سے من کے آپ کی پوُجا کریں
آپ کی کرپا ہو ہم پر ہوویں ہم دھرماتما
کامنائیں من کی سب پوُرن کرو پرماتما

## منتر نمبر ۴

ओं अग्निः पूर्वेभिर्ऋषिभिरीड्यो नूतनैरुत ।
सदेवाँ एह वक्षति ॥ ४ ॥ १ । १ । १ । २ ॥

### بحرِ صدر

اے مہا پرش اگنے ! گیان کے داتا ہیں آپ
وشو کے پرکاش کرتا اور پِتا ماتا ہیں آپ

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

جو رشی پہلے ہوئے ہیں دیدو یتا خوش سیّم
آپ ہی کو پوُجتے نشدِن رہے ہیں عمر بھر
اِس زمانہ کے رشی بھی وید کے ماہر ہیں جو
یا سدا پڑھتے پڑھاتے رہتے ہیں جو ویدکو
آپ ہی کے شُبھّ گنوں کا کرتے ہیں گائن تمام
آپ ہی کے پوُجنے میں ہیں لگے رہتے مدام
اور بھی ہم لوگ سب موُرکھ ہوں یا ہوں گیان وان
آپ کی مہماں کا رکھتے من کے اندر سب ہیں دھیان
آپ ہی ہیں اشٹ اپنے ہم پہ کرپا کیجئے۔
وِدّیا آدی شُبھّ گنوں کا دان ہم کو دیجئے

## منتر نمبر ۵

ओं अग्निर्होता कविक्रतुः सत्यश्चित्रश्रवस्तमः ।
देवो देवेभिरागमत् ॥ ५ ॥ ऋ० १ । १ । १ । ५ ॥

## بحر صدر

اے درشٹا سب جگت کے! آپ ہو سب کے جنک
ناش کا ہوتا گذر ہرگز نہیں ہے آپ تک۔

CC0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar. Digitized by eGangotri

آپ کے اشچریہ گُن ہیں آپ ہیں اشچریہ رُوپ
شرون آدی آپ کی اشچریہ ہیں شکتی انوپ
سب سے اوتم سب سے اعلےٰ ایک ہیں بس آپ ہی
آپ کے سمتُلیہ یا زیادہ نہیں ہے کوئی بھی۔
آپ پر کاشت ہمارے ہردیہ ہیں رہیئے مدام
یہ جگت ہم کو رہے ہر طور سے آنند دھام
راجیہ جو ہووے ہمارا ودیہ گُن سے یُکت ہو
سُکھ سے وُہ بھرپور ہو اور سب دکھوں سے مُکت ہو
آپ ہی کا راجیہ ہے سب ہم تو ہیں نوکر سمان
شبھ گنوں سے یُکت رکھیئے ہم کو اے شبھ گن نِدھان

## منتر نمبر ٦

ओं यदङ्ग दाशुषे त्वमग्ने भद्रं करिष्यसि।
तवेत्तत्सत्यमङ्गिरः ॥ ६ ॥ ऋ० १।१।२।१ ॥

## بحر صدر

اے سبھوں کے متر اگنے! سب جگہ پرکاشمان
آپ کو دیتا ہے جو جن آتما آدی کا دان

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar. Digitized by eGangotri

آپ کے ارپن جو کرتا اپنا تن ہے اور من -
جس کو ہے اتینت پیارا آپ کی بھگتی کا دھن
آپ بھی کلیان اُس کا ہر طرح پر کرتے ہیں
اُس کی ہر تکلیف کو کرپا سے اپنی ہرتے ہیں -
آپ کی عادت میں داخل ہے یہ بے چون وچرا
اپنے ہر اِک بھگت کو آنند دیتے ہو سدا
ہم کو بھی کرپا سے اپنی شرن میں اَب لیجئے
لوک اور پرلوک کا آنند ہم کو دیجئے -
آپ کی کرپا سے ہم کو ہے بھروسا اے پتا
سب دُکھوں سے چھُوٹ کر ہم سُکھ ہی پاوینگے سدا

## منتر نمبر ۷

ओं वायवायाहि दर्शतेमे सोमा अरङ्कृताः ।
तेषां पाहि श्रुधी हवम् ॥ ७ ॥ ऋ० १ । १ । ३ । १ ॥

## بحر صدہ

اے مہابل آپ ہیں کرپا سے ہوتے ساکشات
دان دیتی ہیں سُکھوں کا آپ کی جملہ صفات

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

سوم آدی رس کو ہم نے یہ بنایا ہے جواب
پیش کش ہم آپ کے ہیں دِینتا سے کرتے سب
اور جو عُمدہ چیزیں ہم نے کی تیار ہیں
آپ کو ہم سب سمرپن کرتے اے کرتار ہیں
جیسے بیٹا باپ کو دیتا ہے کوئی کچھ چیز
باپ کو وُہ پیار سے ہوتی ہے ازبس ہی عزیز
اِس طرح سے مہربانی آپ بھی ہم پر کریں
اِس ہماری بھینٹ کو سنتا سے مان لیں
الپ شکتی الپ بُدّھی ہے ہماری اے پِتا
آپ کِرپا سے ہیں پرسنّ چِت رکھئے سدا

## منتر نمبر ۸

ओं पावका नः सरस्वती वाजेभिर्वाजिनीवती ।
यज्ञं वष्टु धियावसुः ॥ ८ ॥ ऋ० १ । १ । ६ । १० ॥

## بحرِ صدر

اے پتی بانی کے ہم پر آپ ہو ویں مہربان
جس سے ہر اِک شاستر کا ہووے حاصل ہمکو گیان

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہے جہاں اوتکرشٹ ہم پر نسیگھر کرپا کیجئے
یکت جو وگیان سے ہو ایسی بانی دیجئے
ستیہ بھاشن آدی شبھ گن ہم کو حاصل ہوں تمام
شدھ ہو انتہ کرن اور شدھ من ہووے مدام
ان آدی سے ہمارا شدھ ہووے کھان پان
ہو جہالت دور ساری ہوویں ہم سب گیان وان
ہوویں ہم ودوان پنڈت ہم کو ودیا دان دو
کرکے کر ران میں اپنی ہمیں اب آپ لو

## منتر نمبر ۹

ओं पुरूतमं पुरूणामीशानं वार्य्याणाम् ।
इन्दुं सोमे सचा सुते ॥ ९ ॥ ऋ० १।१।९।२ ॥

## بحر مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

---

جگت سوامی جگت کے آپ ہی اُتپن کرتا ہو
جگت میں جو کچھ ہے موجود سب کے کرتا دھرتا ہو
تمہی ہر چیز کے سوامی ہو اور شترو ونانشک ہو
تمہی پوجا کے لائق ہو۔ تمہی سب کے سہایک ہو

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

واسطے جنگ کے میدان میں جب جاؤ تم
فتح پر فتح سدا دشمنوں پر پاؤ تم
دیگ تم دشمنوں کا روک دو ایک حملہ میں
موت کے مُنہ میں اُنہیں جھونکدو ایک حملہ میں
جنگ کی تم سے نہ اُن کو ہو ذرا بھی طاقت
سامنے آئیں تو پائیں وُہ بہت ہی زحمت
اُن کی حشمت کو ہو اور بل کو تنزّل ہر روز
اُن کو گھیرے رہے ہر حال میں فکر جانسوز
خوف سے وُہ رہیں ہر لحظہ نہایت لرزاں
یُدّھ کے نام سے بھاگیں وُہ ہوں ایسے ترساں
لیکن انیائی ہیں جو دُشٹ جفاکار ہیں جو
بھگت ایشور کے نہیں اور ریاکار ہیں جو
چور ہیں سوار تھی ڈاکو ہیں سیاہ سینہ ہیں
سب کے بدخواہ ہیں مکار پُر از کینہ ہیں
اُن کو بر دان سے ہرگز نہیں کچھ بھی نسبت
ہار وُہ کھاکے اُٹھائیں گے ہمیشہ خِفت
ہم بھی سب بھگتی سے پرسنّ اب ایشور کو کریں
جس سے ہم ہر جگہ ہر وقت فتحیاب رہیں
جو ہیں بدخواہ ہمارے وُہ رہیں سب مغلوب

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

اپنی کمزوری سے از حد وہ ہوویں محجوب

## منتر نمبر ۲۳

ॐ विष्णोः कर्माणि पश्यत यतो व्रतानि पस्पशे ।
इन्द्रस्य युज्यः सखा ॥ २३ ॥ ऋ० १ । २ । ७ । ५६ ॥

### بحر دیگر

اے لوگو اس جہاں کو وشنو نے ہے رچا
اس کے اُنوانوں میں وہ دیاپک ہے جا بجا
پیدائش اس جہاں کی اور اس کی قایمی
سب ایسے ایسے کام ہیں وشنو کے دایمی
پرلئے بھی وُہی کرتا ہے جب وقت آتا ہے
سارے جگت کا ایک وہی بس بدھاتا ہے
یہ کرم اُس کے دیکھو ذرا فکر و غور سے
جائے پناہ وُہ ہے نہیں کام اور سے
ست بھاشن آدمی جتنے ہیں دنیا میں نیک کام
انجام اُس کی کرپا سے پاتے ہیں وہ تمام
وُہ متر ہے ہمارا اور آنند دایک ہے
ہر حال میں ہمارا ہمیشہ سہائیک ہے

نیت میں پاپ کرم جب آ کر سماتے ہیں
فی الفور خوف و شرم ہمیں آ دباتے ہیں
اس طرح پر برائی کو ایشور جتاتا ہے
فی الواقعہ پاپ کرموں سے ہم کو بچاتا ہے
اس پر بھی ہم براشیاں کرتے اگر رہیں
کیوں کر نہ اس کے ثمرہ میں دُکھ درد ہم سہیں
ہم دیہہ دھاری ہو کے کریں گے جو بد عمل
پاویں گے اس کے بدلے لاریب اس کا پھل
کرتویہ بس یہی ہے کو کرموں سے ہم بچیں
انتہ کرن میں بھگتی کی ہم یگیہ کو رچیں۔

## منتر نمبر ۲۴

ओं यदा सुदृशस्य मघवन्नित्रान्स्तुवेता बोधन्तु कृधि ।
अस्माकं बोध्यविता महाधने भवा वृधः सखीनाम् ॥ २४ ॥
ऋ० ५।१।२१।२५ ॥

## بحر صدر

اے اندر آپ کی نہیں اوپماں کوئی کہیں
ہے جاہ و حشم آپ کا بالا و برتریں

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

دشمن ہمارے جو ہیں اُنہیں دیجیئے شکست
بُزدِل ہمیشہ وُہ رہیں اور حوصلہ میں پست
سب فوج کو ہماری دلاور بنائیے
جُرات کو اُس کی اوج کا جلوہ دِکھائیے
رکشا ہماری یُدھ میں ہر وقت کیجئے
سب افسرانِ فوج کو جترا ری دیجئے
ہمت کو اب ہماری بُلندی دِکھائیے
دُنیا کا جاہ و حشم ہمیں سب دلائیے
بُدھی ہو تیبر وِدیا ہوں حاصل ہمیں تمام
اخلاق و نیکیوں سے ہمیشہ ہوں نیکنام
یہ کام آدمی اپنے جو دشمن ہیں سخت تر
اِن سب پہ ہووے ہر گھڑی حاصِل ہمیں ظفر
ستیا چرن پوترتا اور نیا آدمی سب
ہوویں سہائے کاری ہمارے یہ روز و شب
ہم پر توجہ آپ کی مبذُول ہو مدام
ہر طرح ہر مقام میں ہم ہوویں شاد کام

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

# منتر نمبر ۲۵

ओं शं नो भगः शमनः शंसो अस्तु शंनः पुरन्धिः शमु सन्तु रायः।
शं नः सत्यस्य सुयमस्य शंसः शं नो अर्यमा पुरुजातो अस्तु॥२५॥
ऋ० ५।१।२८।२॥

## بحرِ صدر

جگدیش آپ ہی کا جگت ہے رچا ہوُا
شکتی نے آپ ہی کی ہے دھارن کیا ہوُا
ایشور یہ ہم کو آپ نے جو ہے عطاء کیا
جو جاہ و حشم آپ نے کرپا سے ہے دیا
کرپا سے آپ کی ہیں سُکھ رُوپ ہووے سب
ہم کو پراپت اُس سے ہو آنند روز و شب
سنسار میں ہمارا سدا نیک نام ہو
پرسنشا ہر جگہ میں ہماری مدام ہو
دھرماتما جتیندری ہوویں تمام ہم
عادات کے لحاظ سے ہوں نیک نام ہم

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہیں آپ شانت رُوپ ہمیں شانتی کیجئے
ہیں نیاء کاری آپ ہمیں نیاء دیجئے
وایو پران جل ہمیں آنند دایک ہوں
ہر اِک جگہ ہیں آپ ہمارے سہائیک ہوں

## منتر نمبر ۲۶

ओं त्वमसि प्रशस्यो विदथेषु सहन्त्य ।
अग्ने रथीरध्वराणाम् ॥ २६ ॥ ऋ० ५ । ८ । १५ । २ ॥

### بحر صدر

اے اگنے آپ ہر جگہ پر کاشمان ہو
سروگیہ سرو وِیاپی مہا وِدّوان ہو
ہیں استوتی کے آپ ہی لائق جہان میں
پرسنشا آپ ہی کی ہے ہر اِک مکان میں
جب آپ کے سمان نہیں دُوسرا کوئی
پھر استُوتی کے یوگیہ ہو کیوں کر بھلا کوئی
سب دُشٹ شترؤں کے سموہوں کے گھاتک ہو
ہر یُدھ میں ہمیشہ ہمیں جے پر ایک ہو

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

جب آپ کو ہمارا ہر اک دم خیال ہے
پھر دشمن ہم کو جیت لے بالکل محال ہے

## منتر نمبر ۲۷

ओं तन्न इन्द्रो वरुणो मित्रो अग्निराप ओषधीर्वनिनो जुषन्त ।
शर्मन्त्स्याम मरुतामुपस्थे यूयं पात स्वस्तिभिः सदा नः ॥२७॥
ऋ० ५।३।२७।२५

## بحر صدر

اے وشو ناتھ آپ دیا کا سروپ ہیں
مالک ہیں سب جہان کے سب سے انوپ ہیں
خورشید ماہ وایو جل اور سب بنس پتی
یہ اگنی اور درخت بھی سنسار کے سبھی
سُکھ رُوپ ہم کو آپ کی کرپا سے ہوں مدام
حاصل ہمیں ہمیشہ ہوں خوش کامیاں تمام
پونوں کی گود میں ہمیں آرام ہو سدا
سنسار ہم کو سب طرح سُکھ دھام ہو سدا
سر پر ہمارے آپ کی رکشا کا ہاتھ ہو۔
کلیان دست بستہ ہر اک وقت ساتھ ہو

ملہ ہواؤں

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

نقصان کی رسائی کبھی ہو نہ ہم تلک
سارے کلیش ہم سے بس رہیں الگ تھلگ

## منتر نمبر ۲۸

त्वां सुपेषीं पूर्वजा अस्येक ईशान ओजसा ।
इन्द्र चोष्कूयसे वसु ॥ २८ ॥ ऋ० ५ । ८ । १७ । ४१ ॥

## بحر صدر

اے اندر ایک آپ ہی بس پوجنیہ ہیں
سروگیہ سب کے سوامی ہیں اور ادوتیہ ہیں
سب سے بزرگ وشو کے اوتپادک آپ ہیں
رکشک بھی سب کے آپ ہیں اور پالک آپ ہیں
راجاؤں کے بھی راجا ہیں بلوان گیان وان
پرلے کے بعد آپ ہی رہتے ہیں ورتمان
بھگتوں کو اپنے مان سے رکھتے دھنی ہو عام
پروا ہ ان پہ کرپا کا رکھتے ہو بس مدام
سب سیوکوں پہ آپ کی کرپا درشٹی ہے
سارے سکھوں کی ان پہ ہمیشہ برشٹی ہے



CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

# منتر نمبر ۲۹

ओं नेह भद्रं रक्षस्विने नावयै नोपया उत ।
गवे च भद्रं धेनवे वीराय च श्रवस्यतेऽनेहसो व ऊतयः सु
ऊतयो व ऊतयः ॥ २९ ॥ ऋ० ६ । ४ । ९ । १२ ॥

## بحر صدر

جگدیش! جو جہان میں پاپ آتما ہوں جن
رکھتے ہوں پُر ادھرم سے جو چال اور چلن
ہنسا کے جن کو کرنے سے خوف و خطر نہ ہو
جن کو دغا فریب سے کچھ من میں ڈر نہ ہو
ڈنڈ اُن کو اپنی ووستھا سے دیجئے
سنسار کے سُکھوں سے اُنہیں دُور کیجئے
جو ان ادھرمیوں کے رفیق اور سہایک ہوں
جو سجنوں کے واسطے تکلیف دایک ہوں
اُن کو بھی سُکھ کے پانے سے محرُوم کیجئے
ایسے جنوں کو دُنیا سے معدُوم کیجئے
یہ دُشٹ رنج و غم میں پھنسے دائما رہیں
ثمرہ یہ اپنے کرموں کا پاتے سدا رہیں

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

جس سے کہ اُن کو دیکھ کے سب پاپ سے ڈریں
شُبھ کرموں میں سب آدمی اپنی رُچی کریں
دھرماتما ہیں جتنے رہیں شادماں مدام-
حاصل ہوں اُن کو ہر گھڑی دُنیا کے سُکھ تمام
راجا ہمارے دیش کے دھرماتما ہوں سب
ہو عدل و داد اُن کا ترقّی پہ روز و شب
نوکر سب اُن کے نیک ہوں اور شور بیر ہوں
ادھکاری جس قدر ہوں وہ گمبھیر دھیر ہوں
کرپا درشٹی آپ کی ہم پر سدا رہے
من اپنا دھرم ہی میں ہمیشہ لگا رہے
دم شم سے یُکت ہم رہیں بدیوں سے دُور تر
دِل میں خیال بد کا نہ ہووے کبھی گُذر
سنتان سب ہماری بہادر ہو نیک دل
ہو شُدّھ چِت دھرم میں ہر وقت مستقل
ہو گو ؤ دی پشوؤں کی برکت ہمیں نصیب
سب وِدّیا آدی دھن کی ہو عزّت ہمیں نصیب
رکشا کو آپ سے رہیں پاتے مدام ہم
ہر وقت ہر طرح سے رہیں شاد کام ہم
جب آپ رکشک ہو ویں تو کلیان کیوں نہ ہو

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہر مشکل ہم کو دنیا میں آسان کیوں نہ ہو

## منتر نمبر ۳۰

ओं वसुर्वसु पतिर्हि कमस्यग्ने विभावसुः ।
स्याम ते सुमतावपि ॥ १० ॥ ऋ० ६ । १ । ४० । २४ ॥

## بحر دیگر

آپ وشو ہیں اے پتا آپ نے ہے رچا جگت
بستے جگت میں آپ ہیں آپ میں بس رہا جگت
پرتھوی آدمی سب مقام بستے ہیں جسپہ ہم تمام
اُن کے پتی ہو آپ ہی آپ کے ہیں عجیب کام
آپ سویم پرکاش ہو گیان سروپ آپ ہو
داتا ہو سُکھ کے آپ ہی سب سے انوپ آپ ہو
سارے جگت میں ہر جگہ بیاپ سے ورتمان ہو
رکشک ہو ہر کسی کے آپ آپ ہی سب کی جان ہو
کوئی بھی آپ کی مثال ہے نہیں اودوتیہ ہو
سب سے جگت میں اوت کرشٹ آپ ہو پوجنیئہ ہو
ایسی کرو دیالتا پریتی سے ہم رہیں مدام
من ہو پوتر گیان سے وید کا ہم سُنیں نہ نام

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

## منتر نمبر ۳۱

ओं वैश्वानरस्य सुमतौ स्याम राजा हि कं भुवनानामभिश्रीः ।
इतो जातो विश्वमिदं वि चष्टे वैश्वानरो यतते सूर्येण ॥३१॥
ऋ० १।७।६।१॥

### بحر دیگر

اے دوستو جو وشو میں پرکاشمان ہے
سورج نے پایا اُس سے ہی پرکاش دان ہے
پرکاش کرنے والوں کا پرکاشک ہے وہی
سنسار ہے اُسی نے رچا نایک ہے وہی
سنساری سب منشوں کا نیتا ہے وہ انوپ
سُکھ ملتا ہے اُسی سے وہ ہے آپ سُکھ سوروپ
ہیں لوگ جتنے سب کا نیتا وہی ہے ایک
سوامی ہر ایک چھوٹے بڑے کا وہی ہے ایک
ہے پرارتھنا حضور میں اُس کی یہی مدام
ہوں سدھ اُس کی کرپا سے سارے ہمارے کام
راجا ہے سب کا وہ اتی شوبھایمان ہے

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

سامرتھ ہیں اُسی کی یہہ قایٔم جہان ہے
سُکھ کا ہمیں وُہ کرپا درشٹی سے دان دے
اگیان ناش کر کے ہمیں ست گیان دے

## منتر نمبر ۳۲

ओं न यस्य देवा देवता न मर्ता आपश्च न शवसो अन्तमापुः।
स प्ररिक्वा त्वक्षसा क्ष्मो दिवश्च मरुत्वान्नो भवत्विन्द्र ऊती॥३२॥
ऋ० १।७।१०।१५॥

### بحر دیگر

آپ کا اے جگت پتا بل ہے اپار لا بیان
بُدھی کی اُس تلک بھلا ہوتی رسائی ہے کہاں
وایُو سمُدر آفتاب پانچوں حواس اور پران
عام یہاں ہیں جو بشر اور تمام وِدوان
پا نہیں سکتے ہیں کبھی آپ کے بل کا وار پار
اُن کی پہُنچ وہاں تلک ہو نہیں سکتی زینہار
سب سے ہو اوت کرشٹ آپ دیا پتی آپکی ہے عام
شکتی سے آپ ہی کی بس چلتے ہیں سب جگت کے کام

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

پرتھوی آدی لوک ہیں شکتی میں آپ کی مقیم
شترؤں کے دبانے کو زور ہے آپ کا عظیم
سب سے زیادہ آپ کا جاہ و جلال ہے عیان
رکھشا میں ہم کو رکھتے ہو کرپا سے اپنی ہر زمان

## منتر نمبر ۳۳

ओं जातवेदसे सुनवाम सोममरातीयतो निदहाति वेदः।
स नः पर्षदति दुर्गाणि विश्वा नावेव सिंधुं दुरितात्यग्निः ॥३३॥
ऋ० १।७।७।१॥

### بحر صدر

جتنا جگت یہ ہے پتا۔ آپ ہی سب کے نایک ہو
آپ ہی نے یہ ہے رچا آپ ہی بس سہایک ہو
جو ہیں جہان میں ودوان جانتے آپ کو ہیں سب
اس لئے جات وید وہ مانتے آپ کو ہیں سب
گیان سے جانے جاتے ہو ہمہ تن آپ گیان ہو
سب سے ہو اوت کرشٹ آپ ہر جگہ ورتمان ہو
جو جو پدارتھ عمدہ ہیں بھینٹ ہیں آپ کی سبھی
اُن کو قبول کیجئے کرپا درشٹی سے ابھی

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

رکھتے عناد ہم سے ہیں دِل میں جو دُشٹ بدمعاش
کیجئے اپنے نیاء سے عزّت و ثروت اُن کی ناش
دُشٹتا جس سے چھوڑ کر نیکی گرہن وہ کریں
پکڑیں وہ سیدھا راستہ اپنی کو چال چھوڑ دیں
بحرِ عمیق سے سدا کشتی اُتارتی ہے پار
ہم کو بھی آپ کیجئے کرپا کی ناؤ پر سوار
ذریعہ سے جس کے پار ہوں دُکھ کے سمندر سے ابھی
خوف ذرا نہ دے سکے ادنیٰ ہوا ہمیں کبھی
پاپ جنت دُکھوں سے آپ شیگھر ہمیں چھُڑائیے
کشتی بھنور میں ہے پھنسی پار اسے لگائیے
کرپا درشٹی آپ کی بھگتی کا دھن کرے عطاء
سُکھ میں ہمیں مقام دے رہنے کے واسطے سدا

## منتر نمبر ۳۴

ओं स वज्रभृद्दस्युहा भीम उग्रः सहस्रचेताः शतनीथ ऋभ्वा ।
चम्रीषो न शवसा पञ्चजन्यो मरुत्वान्नो भवत्विन्द्र ऊती ॥३४॥
ऋ० १।७।१०।१२ ॥

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

## بحرِ صدر

نیاء پتی پرماتمن آپ کے نیاء سے سدا
دُشٹ ہیں جو جہان میں پاتے ہیں ٹھیک وُہ سزا
نیاء ورُودھ پاپی جن رکھتے ہیں جو بُرا چلن
اُن کا ضرُور ہوتا ہے نیاء کے بحر سے ہمن۔
ظلم روا جو رکھتے ہیں پاتے ہیں اُسکا پھل ضرور
رِشٹشٹوں سے ہت ہے آپکو رکھتے اُنہیں ہو دُکھ سے دُور
سینکڑوں جو پدارتھ ہیں سب وُہ رچے ہیں آپ نے
سُکھ ہو پرماپت اِس لئے ہم کو دئے ہیں آپ نے
پانچواں پران اور ہوا آپ نے سب کو ہے رچا
سوامی ہو سب کے آپ ہی سارا جگت ہے آپکا
آپ کے بل اننت ہیں آپ کے گُن ہیں بیشمار
آپ کے وش میں ہے جگت آپکا ہے سب اختیار
آپ کے زور ہیں اننت سامنے اُن کے زور سب
پست ہیں بے نمود ہیں۔تابِ مقابلہ ہے کب
بھاری ہے تیج آپ کا۔ آپ نہایت ہیں بلی
شرن جو آیا آپ کی۔ اُس کی ہر اِک بلا ٹلی
آپ کا اندر نام ہے۔ حشمت وجاہ اوج پر
آپ سے ڈرتے ہیں وُہ سب جو ہیں جہاں میں نامور

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

دُکھ کے سمُندر سے ہمیں آپ ہی پار اُتاریئے
جتنے ہمارے کام ہیں کِرپا سے وُہ سنواریئے

## منتر نمبر ۳۵

ओं सेमं नः काममापृण गोभिरश्वैः शतक्रतो ।
स्तवाम त्वा स्वाध्यः ॥ ३५ ॥ ऋ० १ । १। ३२ । ६ ॥

### بحر صدر

نِت ہو مُکت رُوپ آپ شُدّھ ہو اور مہان ہو
آپ بہُت کریاؤں سے یُکت ہو تیجوان ہو
سینکڑوں یگیہ جو کرے آپ کو تب وُہ پاتا ہے
دُنیا کے بندھنوں سے وُہ بس ہیں چھُوٹ جاتا ہے
گائے وغیرہ سب پشو دیجئے ہم کو بیش تر
آپ کے آشرت ہیں ہم کرپا کی ہم پہ ہو نظر
گھوڑے آدی ہوں بہُت وِدّیا سے اُن کی ہو خبر
نیاء کے راجیہ میں رہیں سب طرح سُکھ سے بہرہ ور
ٹھیک قواء ہو ویں سب آپ انوگرہ کریں
بُدھی ہماری تیبر ہو سُکھ سے ہمیشہ ہم رہیں

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

آپ کی بھگتی کا ہیں شغل ہو رات دِن مدام
شُدھ ہیں کامنائیں جو حاصل ہیں وُہ ہوں تمام
آپ کو چھوڑ غیر کے آگے جو سر جُھکاتے ہیں
نتیجہ ہے سخت تر دُکھوں کو ایسے ہی شخص پاتے ہیں

## منتر نمبر ۲۶

ओं सोम गीर्भिष्ट्वा वयं वर्द्धयामो वचोविदः ।
सुमृळीको न आ विश ॥ २६ ॥ ऋ० १।६।२१।११ ॥

## بحر دیگر

جگت آپ نے سوم* ہے سب رچا
فزُوں تر ہے جاہ و جلال آپ کا
جو ہیں شاستر جانتے وِدوان
جنہیں ہے سمجھ اور رکھتے ہیں گیان
وُہ ہیں اوت کرشٹ آپ کو جانتے
وُہ معبُود ہیں آپ کو مانتے
تمہاری ہی بھگتی سے ہے اُنکو کام
تمہارا ہی ہیں دھیان کرتے مدام

* یعنی اے سوم (آنند سروپ) آپ نے ہی سب جگت رچا ہے

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

تمہارے ہے بھنڈار میں سُکھ بھرا
بِلا سُکھ جسے ہے وہیں سے مِلا
منوّر ہے سب آپ ہی سے جہاں
یہ ہے آپ ہی سے چُنیں اور چناں
تمہارا ہی جلوہ ہے یہ کوُ بکوء
تمہاری ہی مہماں ہے ہر چار سُو
نہیں کوئی بھی آپ کے ہے سمان
بلندی پہ حشمت ہے شوکت مہان
ہر اِک کے ہو معبود تم بے گمان
تمہاری ہی برکت سے ہے این و آں
تمہاری توجّہ کا پرکاش ہو
اودّیا کے اندھیر کا ناش ہو
منوّر ہوں وِدّیا سے اب جلد ہم
اودّیا کا بِستر اُٹھے ایک دم
ہمیں ہووے آنند حاصل مدام
تمہاری کریں بھگتی ہم صبح شام

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

## منتر نمبر ۳۷

ओं सोम रारन्धि नो हृदि गावो न यवसेष्वा ।
मर्य इव स्व ओक्ये॥३७॥ ऋ० १।६।२१।१३ ॥

### بحر صدر

سدا سوم ہو شانتی دایک آپ
سدا سُکھ کے داتا ہو اور نایک آپ
ہمیں مہربانی سے سُکھ دیجئے
سدا ہردیوں میں رمن کیجئے
رمن جیسے سورج کی کرنیں تمام
ہر اِک وقت کرتی جگت میں ہیں عام
گئو جیسے جنگل میں خوش چرتی ہیں
کلیلیں اِدھر اور اُدھر کرتی ہیں
سدا وِدوانوں کا جس طور من
کیا کرتا وِدیاؤں میں ہے رمن
گھروں میں بشر جس طرح اپنے سب
خوشی سے بسر کرتے ہیں روز و شب
اِسی طرح انتہ کرن میں سدا
ہمارے رہیں آپ رونق فزا

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہیں جس سے آنند ہووے مدام
ملے ہم کو وِگیاں ہوں شاد کام

## منتر نمبر ۳۸

ओं गयस्फानो अमीवहा वसुवित्पुष्टिवर्द्धनः ।
मित्रः सोम नो भव ॥३८॥ ऋ० १।६।२१।१२ ॥

## بحر دیگر

منشو سنو بات یہ دھیان دے کر
جو ہے اِشٹ دیو اپنا سب سے ہے برتر
وُہ ہے نیاء کے راجیہ اور دھن کا دانا
وُہ جنپد کے سُکھ کو سدا ہے بڑھاتا
عطاء وُہ ہی کرتا ہے آرو گیتا کو
وُہی دُور کرتا ہے ہر اِک بلا کو
جو بیماریاں ہوں حواسوں سے پیدا
جو ہوں روگ من سے بدن سے ہویدا
وُہ اِن سارے روگوں کا ہے ناش کرتا
وُہ کِرپا کا اپنی ہے پرکاش کرتا

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

وُہ وِدیا کا دھن دان دیتا سدا ہے
دیا سے خبر سب کی لیتا سدا ہے
وہ سرد گیّہ ہے سب کی اُس کو خبر ہے
نہیں اُس سے پوشیدہ کوئی امر ہے
وُہ کرتا ہے پُشٹ آتما اور من کو
وُہ بلوان کرتا ہے سارے بدن کو
وُہ پرجا کے دھن کو ہے ایزاد کرتا
وُہ ہے سب طرح ہم کو دِل شاد کرتا
یہ مانگیں ہم اُس سے کہ خوش ہو کے ہمپر
ہمیں مترتائی کا دے دان بر تر
ہر اِک کے رہیں مِتر ہم اپنے من سے
ہمارے بھی سب مِتر ہوں جان وتن سے
سدا اُن کی کِرپا درشٹی ہو ہم پر
بہر نوع سُکھ کی برشٹی ہو ہم پر
سدا آ گیا اُن کی پالن کریں ہم
سدا اُن کی بھگتی میں تتپر رہیں ہم

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

# منتر نمبر ۳۹

ओं त्वं हि विश्वतोमुख विश्वतः परिभूरसि ।
अप नः शोशुचदघम् ॥३९॥ ऋ० १ । ७ । ५ । ६ ॥

## بحر صدر

مہا تیج اے اگنے اتیّنت اوتم
جگت آپ کی شکت سے ہے یہ قایم
ہر اِک جگہ ہو آپ ویاپک جگت میں
سبھوں کے ہو ہردم سہایک جگت میں
تُمہی مُکھ ہو اِس وشو میں اور دیالو
دیا رُوپ ہو اور دیا کے ہو سندھو
سدا ست اُپدیش باطن میں سب کے
دیا رُوپ ہو کر ہمیشہ ہو کرتے
وُہ اُپدیش[ف] یہ ہے - کہ جب کوئی بدکار
بُرا کام کرنے پہ ہوتا ہے تیار

[ف] سوامی جی مہاراج نے اِس منتر کے ارتھوں میں ایشور کی طرف سے ہردیہ میں اُپدیش کا ہونا تو لِکھا ہے - مگر اُس کی کچھ تشریح نہیں لِکھی - اِس موقعہ پر جو شعر ۵ سے ۱۱ تک میں اُپدیش کی تعریف کی گئی ہے - یعنی یہ بتلایا گیا ہے - کہ وُہ اُپدیش کِس قِسم کا ہوتا ہے - یہ منجانب مؤلف ہے ✚

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

تو لجا اُسے آتی ہے۔ خوف آتا
اِسی واسطے اُس کو ہے وُہ چھپاتا
حقیقت میں آپ اُس کو کرتے ہو آگاہ
کہ وُہ ست مارگ سے ہووے نہ گمراہ
جو با وصف اِس کے کرے بد عمل کو
تو کیونکر نہ بھوگے وُہ پھر اُسکے پھل کو
جو شُبھ کرم کی من میں آتی ہے رغبت
وُہ لاریب ہے آپ ہی کی ہدایت
جو انبیاء کے روک دینے کو اِنساں
کمر باندھ کر ہوتے ہیں دِل سے کوشاں
سمجھ ہو تو ہے وُہ تمہارا ہی اُپدیش
جو اکثر ہے آجاتا ہر اک کو درپیش
کریں مہربانی کی ہم پر نظر آپ
کہ تا نِشٹ ہوویں ہمارے سبھی پاپ
سدا کھوٹے کرموں سے بچتے رہیں ہم
بنیں بھگت بھگتی کا سادھن کریں ہم

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

# منتر نمبر ۵۰

ओं तमीळत प्रथमं यज्ञसाधं विश आरीराहुतमृञ्जसानम् ।
ऊर्जः पुत्रं भरतं सृप्रदानुं देवा अग्निं धारयन्द्रविणोदाम् ॥५०॥
ऋ० १।७।३।३॥

## بحر صدر

منشو کرو اگنی ایشور کی بھگتی
مہاتیج ہے وُہ اپار اُس کی شکتی
سدا سے ہے وُہ سب کا ہے آدی کارن
کیا سب جگت کو اُسی نے ہے دھارن
وُہ وِگیان مے ہے وُہ ہے یگیہ سادھک
وُہ ہے سب کا سوامی وُہ ہے سب کا رکشک
وُہ سُکھ رُوپ ہے اور وگیان داتا
وہی ہے ہر اِک کا پِتا اور ماتا
وُہ ہے اَن جَل وِدیا آدی کو دیتا
وہی رات دِن ہے خبر سب کی لیتا
ہر اِک وستُو کا دان کرتا وہی ہے
ہر اِک لوک کا کرتا دھرتا وہی ہے

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

کرو پراپتی کا سدا اُس کی سادھن
بڑی شردھا سے لگا اپنا تن من
جو ہیں وِدّوان اُس کو وُہ جانتے ہیں
اُسے سب کا سوامی وُہ سب مانتے ہیں
وُہ وگیان آدمی سے ہے شُدھ ہوتا
وُہ ہے پاپ ناشک دُکھوں کو ہے کھوتا
جو ایسا ہے اگنی اُسی کو ہیں کہتے
سبھی وِدّوان آشرے اُس کے رہتے
نہیں اُس کے سمتلیہ کوئی کہیں ہے
کِسی اور کی بھگتی واجب نہیں ہے
کِسی اور سے یاچنا جو ہیں کرتے
وُہ ذِلّت میں رہتے ہیں ناکام مرتے
ہمیں چاہیئے آشرا اُس کا لیویں
سدا اُس کی بھگتی میں تن من کو دیویں

## منتر نمبر ۴۱

ओं तमूतयो रणयञ्छूरसातौ तं क्षेमस्य क्षितयः कृण्वत त्राम् ।
स विश्वस्य करुणस्येश एको मरुत्वान्नो भवत्विन्द्र ऊती ॥४१॥
ऋ० १।७।६।७॥

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

## بحر صدر

مُنسو وُہ ہے اِندر با حشمت و جاہ
نہیں اُس کے دریاء رحمت کی کچھ تھاہ
سدا اپنے بھگتوں پہ کرپا ہے کرتا
وُہ سارے کلیشوں کو ہے اُن کے ہرتا
کریں من لگا کر کے ہم اُس کی بھگتی
سدا روز افزوُں ہماری ہو شکتی
اگر اُس کی رکشا کے حاطہ میں ہم ہوں
تو ہر یُدھ میں کیوں نہ ثابت قدم ہوں
ہمیں شورتا بیہ ہووے حاصل
فنِ جنگ میں ہم ہوں اُستاد کامل
دکھاویں نہ کیوں پُشت دُشمن شتابی
نہ کیوں جنگ میں ہم کو ہو فتحیابی
ہمیں چاہیئے آشرا اُس کا لیویں
لگا اُس کی بھگتی میں تن من کو دیویں
کریں اُس کی کرپا کا حاصِل سہارا
تو ممکن نہیں ہو پراجے ہمارا۔
سدا اُس کی رکشا کا سایہ ہو سر پہ
پر سپر ہمارے محبّت ہو یک سر

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہمیں پران وایو کا ٹھینا کا بل ہو
ہر اِک کام سِدھ اپنا ہو بے خلل ہو
ہر اِک معرکہ میں رہیں سُرخ رُو ہم
فتح یابی حاصل کریں چار سُو ہم
ظفر ہر جگہ پیشوائی کو آوے۔
حواسوں کو دشمن کے پتراں بناوے
کرے ہم پہ وُہ اندر کرپا ورشٹی
کہ سُکھ اور سمپت کی ہووے برشٹی

## منتر نمبر ۴۲

ओं स पूर्वया निविदा कव्यतायोरिमाः प्रजा अजनयन्मनूनाम्।
विवस्वता चक्षसा द्यामपश्च देवा अग्निं धारयन्द्रविणोदाम् ॥४२॥
ऋ० १।७।३।२॥

## بحر دیگر

اے منشو! جو جگت کا سوامی ہے
سب جگہ دیاپک ہے انتریامی ہے

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہے سدا سے وُہ سویم پرکاشمان
اِس سرشٹی سے تھا پہلے ورتمان
ننتیہ ہے وُہ شُدھ بُدھ اور مُکت ہے
ستینتا آدی گنُوں سے یُکت ہے
جب جگت اُتپتی کا آیا وچار
تب کیا سنسار اُس نے آشکار
چاند سورج وایو جل اور پرتھوی
یہہ ستارے اور سیارے سبھی
یہہ درخت آدی ہیں جتنے چار سُو
سب پرند اِنسان اور سارے پشُو
اپنی ہیں سامرتھ سے اُس نے رچے
لوک اور لوکانتر پیدا کئے
الغرض جو کچھُ کہ آتا ہے نظر
ہے کیا ترتیب سے سب جلوہ گر
ویدوں نے بھی جو ہیں وِدیاؤں کا مول
ہیں بتاتے سب جگت کا جو اصُول
جن سے نِکلا ہے سبھی عقل و شعور
اُس کے ہی وگیان سے پایا ظہُور
جو جگت میں ظاہرا ہیں شکھ وشیش

درمیانی درجہ ہے یا دُکھ وشیش
سب ہوئے ہیں نیاء سے اُسکے عیاں
پُر نظر آتا ہے جن سے سب جہاں
ایسا جو ایشور ہے وُہ پرکاش رُوپ
سَت چِت آنند ہے سب سے انُوپ
اُس کو سب وِدّوان اگنی کہتے ہیں
اُس کے گُن گائین میں نِشدن رہتے ہیں
ہم کو بھی واجب ہے اُس کو ہی بھجیں
اُس کی ہی بھگتی میں ہم تتپر رہیں

## منتر نمبر ۴۳

ओं वयं जयेम त्वया युजा वृतमस्माकमंशमुदवा भरेभरे ।
अस्मभ्यमिन्द्र वरीयः सुगं कृधि प्र शत्रूणां मघवन्वृष्ण्या रुज ॥४२॥
ऋ० १।७।२४।४ ॥

## بحر صدر

اے مہا بلوان ایشور گیان وان
آپ کا ایشور یہ ہے سب سے مہان
آپ کی کرپا درشٹی ہو مدام۔

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

جس سے ہو جاویں فتح دشمن تمام
سامنے آویں تو دشمن بھاگ جائیں
جنگ میں ہم سے شکست فاش کھائیں
ہم سے جب ہو یدھ رکشک آپ ہوں
اپنی سینا کے سہائیک آپ ہوں
ہار کا ہم کو کبھی ہووے نہ ڈر۔
پیش رو اپنی رہے ہر دم ظفر
بل ہمارا دشمنوں کو گھیر لے
مُنہ کو اُن کے معرکہ سے پھیر دے
جس قدر ہیں دُشٹ دُشمن بد نہاد
وُہ رہیں ہر معرکہ میں نا مُراد
اپنی کمزوری سے اُن کو روز و شب
ہر گھڑی حاصل رہے رنج و تعب
زور اُن کا جس قدر ہے دُور ہو
اُن کی جُرأت ایک دم کافور ہو۔
فوج اُن کی رزم گاہ سے ہو فرار
بُزدلی اُن پر رہے ہر دم سوار
آپ کرپا کی نظر ہم پر کریں
فتح و نصرت سے ہم ہمدم رہیں

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

آپ کی ہم مہربانی سے شتاب
چکرّ ورتی راجیہ میں ہوں کامیاب
شرن میں اپنی ہمیں اب لیجئے
راجیہ اور دھن کی ترقی دیجئے

## منتر نمبر ۴۴

ओं यो विश्वस्य जगतः प्राणतस्पतिर्यो ब्रह्मणे प्रथमो गा अविन्दत् । इन्द्रो यो दस्यूंरधरां अवातिरन्मरुत्वन्तं सख्याय हवामहे ॥ ४४॥ ऋ० १।७।१२।५॥

## بحر صدر

جو جگت کا سوامی ہے سب سے مہان
ہے وہی روزِ ازل سے ورتمان
چیتن اور جڑ کا ادھشٹاتا ہے وہ
سب جگت کا رچتا اور گیاتا ہے وہ
ہے نیئم اُس کا جہاں میں برملا
رکھتا ہے وِدّوانوں کو سُکھ میں سدا
اِس جگت میں سُکھ ہے وِدّیا وانوں کو

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

راجیہ سکھ ہے ایسے ہی اِنسانوں کو۔
سب طرح آنند پاتے ہیں وہی
لابھ بھومی کا اُٹھاتے ہیں وہی
جو جہاں میں بدعمل بدکار ہیں
وُہ زمانہ میں ذلیل اور خوار ہیں۔
دُکھ پہ دُکھ ایسے بشر ہی پاتے ہیں۔
نیائے سے ایشور کے مارے جاتے ہیں
آؤ مِترو دیوتا سے ہم بھی اب
پرارتھنا اُس سے کریں مِل کر کے سب
بھگتی اُس کی من کے نِشچے سے کریں
دھیان میں لولین اس کے ہم رہیں
وُہ کرے گا مِترتا ہم سے ضرور
سارے دُکھ ہو جائیں گے یکلخت دُور

## منتر نمبر ۴۵

ओं [illegible] यो [illegible] यो [illegible] नमसा विधेम ते।
[illegible] [illegible] विप्र [illegible] ॥४५॥
ऋ० १।८।५।२॥

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

## بحرِ صدر

اے مہابل رودر ہم سب کے پِتا
آپ دُشٹوں کو رُلاتے ہو سدا
یعنی جو بدکار ہیں پاتے ہیں ڈنڈ
دُور ہو جاتا ہے اُن کا سب گھمنڈ
آپ کی بھگتی رہے ہم کو مدام
سُکھ میں رکھیئے ہم کو نِشدن صبح شام
ہم کو پرجا کے سمت سُکھ دیجئے
شرن میں اپنی ہمیں اب لیجئے
اب کی رکشا میں ہم نِشدن رہیں
ہر سمے آنند کے دریا بہیں
روگ میں ہرگز کبھی پھنسنے نہ جائیں
دُور ہوویں دُکھ سدا آنند پائیں
ایک دم بھی ہم کو بیماری نہ ہو
ہوویں ہم آسُودہ ناداری نہ ہو
شترُوں کا ناش جلدی کیجئے
اُن کو اُن کے کرم کا پھل دیجئے
سب ہمارے یودھا ہوویں اہلِ دِل
جنگ میں ثابت قدم اور مُستقل

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

سب رہیں فکر و تردّد ہم سے دُور
کامیابی سے رہے حاصل سُرور
اپنی سیوا میں ہمیں کرپا سے لو
چکرورتی راجیہ کا آنند دو
آپ کی کرپا کا سر پر ہاتھ ہو
آپ کی رکشا ہمارے ساتھ ہو
نیاء یُکت ہوویں ہمارے کاروبار
آپ رکھیں باپ کی مانند پیار
ہم کو سیوک جان کر کرپا کرو
وقت سختی ہر جگہ رکشا کرو

## منتر نمبر ۴۶

ओं देवो न यः पृथिवीं विश्वधाया उपक्षेति हितमित्रो न राजा
पुरः सदः शर्मसदो न वीरा अनवद्या पतिजुष्टेव नारी ॥४६॥
अ० १।५।१६।३॥

## بحرِ صدر

وِدّوانوں وہ جگت سوامی مہاں
ہے جگت میں سب جگہ پرکاشماں

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

چاند سورج میں اُسی کا نور ہے
جلوہ سے اُس کے جہاں معمور ہے
پرتھوی آدی سبھی کرتے عظیم
دھارنا شکتی میں اُس کی ہیں مقیم
جیسے راجا کو تلطف کی نظر
ہوتی ہے پرجا پہ اپنی بیش تر
اِس طرح سے اُس کو بھی ہم سے مدام
پوری پوری ہے محبت لا کلام
سب جگت کا سوامی ہے وُہ نایک ہے
بس وہی ہم کو سدا سُکھ دایک ہے
پالنا کرتا ہماری ہے دوام
سُکھ میں رکھتا ہے ہمیں اور شاد کام
جس طرح سے باپ کے گھر میں پسر
رہتے ہیں آرام سے شام و سحر
اِس طرح سنتان اُس کی ہم ہیں سب
ہم پہ وُہ رکھتا ہے کرپا روز و شب
دیتا ہے آرام ہم کو سب طرح
رکھتا ہے خوش کام ہم کو سب طرح
جیسے عورت اپنے خاوند کی سدا

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

عاجزی سے کرتی ہے خدمت ادا
اس طرح سے آؤ بھائی ہم بھی اب
ہوویں اُس کی سیوا میں مصروف سب
بھگتی اُس کی ہم کریں دے کرکے من
اُس کے ارپن ہم کریں سب جان و تن
تو ہمیں آنند ہو لا اِنتہا۔
مہربانی اُس کی ہو ہم پر سدا
پھر ہمیں ہووے کسی کا کچھ نہ ڈر
ہم کریں سُکھ سے سدا آیو بسر

## منتر نمبر ۴۷

यत्र ता ये तस्थोवि: परे पातु विश्वतो धाम्ना च
यत्र ततनयानि च। विश्वकर्माभिविपश्चे परेऽभवि विश्वा-
हाथे विश्वाहादेवि मुं: ॥४७॥ ऋ० अष्ट.२.२ ॥

## بحر صدر

اے جگت رکشک مہیشر گیان وان۔
آپ ہی سے ہے جگت پر کا شمان۔

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

عہد ہم نے دِل میں یہ پُختہ کیا
آگیا کو آپ کی پالیں سدا
ہم پہ ہووے اب انوگرہ آپ کا
ہم رہیں سنساری کشٹوں سے جُدا
جس قدر سنسار میں ہیں دُشٹ کام
وُہ رہیں ہم سے الگ لیشدن تمام
خواہشِ بد کا سراسر ناش ہو
آتمک سُکھ کا سدا پرکاش ہو
گیان سے ہردیہ رہے روشن سدا
روشنی کا ہووے طالب مَن سدا
جب ہو پرلے تو سہائیک آپ ہوں
اور سرشٹی میں بھی رکشک آپ ہوں
یعنی ہر حالت میں ہم سُکھ سے رہیں
سب کلیشوں سے ہمیشہ ہم بچیں
دفع ہوں سب دُشٹ اور ہنسک تمام
دھرم کا ہو ہر طرف پرچار عام
آپ ہی نے سب جگت یہ ہے رچا
آپ ہی سے اِستھتی ہے اور فنا
الغرض ہے آپ کا سب اِنتظام

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

آپ کی سامرتھ سب کرتی ہے کام
آپ ہیں سنسار میں پرکاشمان
آپ سے روشن ہے سارا یہ جہان
راکشس ہیں جو سراسر پُر خطا
آپ کے آگے وُہ کر سکتے ہیں کیا
ہیں اصل میں سب کے سب بے دست و پا
کر نہیں سکتے ذرا چُون و چرا
پرارتھنا یہ آپ سے ہم کرتے ہیں
آپ کی بھگتی کو من میں دھرتے ہیں
آپ کی کرپا کا ہم پر ہو ظہوُر۔
ہو اودیا کا اندھیرا جس سے دور

## منتر نمبر ۴۸

त्वं देवो देवानामसि मित्रो अद्भुतो वसुर्वसूनामसि चारुरध्वरे ।
शर्मन्त्स्याम तव सप्रथस्तमेऽग्ने सख्ये मा रिषामा वयं तवा ॥४८॥
ऋ० १।६।१२।१३ ॥

## بحر دیگر

اے اگنیئے پرمیشور ادبھت آپکا ہے وگیان سرُوپ
دیوں کے بھی دیو آپ ہو مہاگنی بلوان انوپ

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ودیاؤں میں مہا چتر ہو آپکی مہاں اگم اپار
سب کے سکھا ہو متر ہو سب کے سکھ سمت کا ہو بھنڈار
ودیا آدی دھن کے سب کو آپ ہی ہو دینے والے
دیا درشٹی کرنے والے سب کی خبر لینے والے
پرتھوی آدی لوگوں میں جو جگت ہے سارا بسا ہوا
شکتی سے اپنی آپنے ہے اس سب کو دھارن کیا ہوا
آپ اتی شوبھایمان ہو شوبھا کا کرتے ہو دان
اتی اُتم ہو آپ جگت میں آپکے کوئی نہیں سمان
ہے جگدیشر دیا درشٹی آپ کی ہم پر سدا رہے
ہم میں محبت ہووے پرسپر پریم سے ہردیہ بھرا رہے
ورتمان یہ دکھ ہیں جتنے اُن کا جلدی ناش کرو۔
من میں ہمارے اپنے گیان کا کرپا سے پرکاش کرو

## منتر نمبر ۴۹

ओं मा नो वधीरिन्द्र मा परा दा मा नः प्रिया भोज-
नानि प्र मोषीः । आण्डा मा नो मघवञ्छक्र निर्भेन्मा नः
पात्रा भेत्सहजानुषाणि ॥४९॥ ऋ० १ । ७ । १६ । ८ ॥

## بحر صدر

اے جگدیشر اندر آپ کا اوج پہ جاہ و حشمت ہے
سب سے بڑے ہو سب کے سوامی اعلیٰ سب سے عظمت ہے
کرپا کرکے اپنے آپ سے ہمیں دور مت کبھی کرو
کامنا ہر اک پوری ہووے سارے دُکھوں کو آپ ہرو
سنساری جو نعمت ہیں سب دیا روپ ہم کو دیجیئے
گربھ میں جو سنتان ہے اپنی اُس کی بھی رکشا کیجیئے
پُتر پوتر آدی کے ہمارے آپ سہایک سدا رہیں
سب سُکھدایک چیزوں سے آنند ودھایک سدا ہیں
پاتر سورن آدی کے ہمارے بھوگوں میں شامل ہوویں
جو جو سُکھ سنسار میں ہیں وہ سارے ہمیں حاصل ہوویں
مِتر ہمارے جو جو ہیں وُہ سُکھ میں رہیں سب دن اور رات
آپ کی کرپا رہے ہمیشہ شوک کی ہووے کوئی نہ بات

## منتر نمبر ۵۰ و ۵۱

ओं मा नो महान्तमुत मा नो अर्भकं मा न उक्षन्तमुत मा न उक्षितम्। मा नो वधीः पितरं मोत मातरं मा नः प्रियास्तन्वो रुद्र रीरिषः ॥५०॥ ऋ० १।८।६।७॥

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ओं मानस्तोके तनये मा न आयौ मा नो गोषु मा नो अश्वेषु रीरिष । वीरान्मा नो रुद्र भामितो वधीर्हविष्मन्तः सदामित्वा हवामहे ॥ ५१ ॥ १ । ८ । ६ । ८ ॥

## بحرِ دیگر

اے رودر ناش وشٹوں کا کرتے سدا ہو آپ
سوامی ہو سب جہاں کے سب کے پِتا ہو آپ
کرِپا درشٹی آپ کی ہم پر رہے مدام
ماتا پِتا ہمارے سلامت رہیں دوام
بالک جوان بِردھ لواحق ہمارے سب
خوش کام و شادمان رہیں ہر وقت روز و شب
ہر گز نہ عمر بھر میں کوئی دُکھ اُٹھائیں وہ
سب لائق ہوویں عمرِ طبعی کو پائیں وہ
سب بچّہ گربھ کے رہیں رکشا میں آپ کی
کوئی نہ ایذا وُہ سہیں رکشا میں آپ کی
سینا کے اپنی یودھا بہادر تمام ہوں
رکشا میں آپ کی رہیں اور شاد کام ہوں

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

جو یگیہ کرنے والے ہیں آرو گیہ سب رہیں
وُہ دھرم یکت کاموں میں سب اونتی کریں
گھوڑے گؤ وغیرہ پشو سب سُکھی رہیں
کثرت سے ہوں نہ روگ کی ایذا کو وُہ سہیں
کرتے اوپاسنا رہیں ہم آپ کی تمام
دھن دھان کی ترقی ہو دِن رات صُبح شام

## منتر نمبر ۵۲ و ۵۳

